337

# نوحہ شہزادہ علی اکبرؑ

کس نے برچھی ماری کس نے برچھی ماری
رو کے کہتی تھی یہ مادر کس نے برچھی ماری

اے میرے لعل میری گود کے پالے اکبرؑ
اپنا دل کس طرح یہ اماں سنبھالے اکبرؑ
کچھ تو بتلاؤ کہ دل پر کس نے برچھی ماری

آؤ مادر تمہیں سینے سے لگا لے اکبرؑ
پڑتے جاتے ہیں میرے قلب پہ چھالے اکبرؑ
ہائے یہ قلبِ نبیؐ پر کس نے برچھی ماری

میرے یوسفؑ اے میرے نازوں کے پالے اکبرؑ
اپنی آغوش میں ماں تجھ کو سلا لے اکبرؑ
چین آتا نہیں پل بھر کس نے برچھی ماری

کچھ تو ارمان یہ ماں دل کے نکالے اکبرؑ
چاند سے ماتھے پہ سہرا تو بندھا لے اکبرؑ
رو رہا ہے دلِ مادر کس نے برچھی ماری

اپنی آواز تو صغراؑ کو سنا لے اکبرؑ
وہ خفا ہے اُسے سینے سے لگا لے اکبرؑ
کیا کہوں گی اُسے جا کر کس نے برچھی ماری

ہاتھ اِس چاند سے سینے سے ہٹا لے اکبرؑ
تاکہ ماں زخم پہ مرہم تو لگا لے اکبرؑ
ہائے اکبرؑ مرے اکبرؑ کس نے برچھی ماری

ترے دم سے ہیں مرے گھر کے اُجالے اکبرؑ
ماں ترے چاند سے چہرے کی بلا لے اکبرؑ
ہائے یہ ماں کے جگر پر کس نے برچھی ماری

جلد آجا تجھے ماں دولھا بنا لے اکبرؑ
اور ترے بیاہ کی منت بھی بڑھا لے اکبرؑ
جل رہا ہے دلِ مادر کس نے برچھی ماری

لبِ مادر پہ تھے ماجدؔ یہی نالے اکبرؑ
تو جہاں ہے وہیں مجھ کو بھی بلا لے اکبرؑ
یہی فریاد ہے لب پر کسی نے برچھی ماری